15-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	تقابل ادیان + الدعوۃ الارشاد	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشہادۃ العالمیۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ________________________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ اسلام میں مذہب کے لیے ان الفاظ کو استعمال کیا گیا ہے:

(الف) شریعت (ب) میت (ج) دین (د) تینوں

2۔ اپنشد کا موضوع ہے:

(الف) خدا (ب) روح (ج) نیچر (د) تینوں

3۔ زرتشت پیدا ہوا:

(الف) چین میں (ب) عراق میں (ج) افغانستان میں (د) ایران میں

4۔ حضرت ابراہیم کا مناظرہ ہوا تھا:

(الف) فرعون سے (ب) نمرود سے (ج) ہامان سے (د) قارون سے

5۔ ہجرت حبشہ ہوئی:

(الف) 5 نبوی (ب) 6 نبوی (ج) 7 نبوی (د) 8 نبوی

6۔ امام ابوداؤدؒ کی تاریخ ولادت ہے:

(الف) 202ھ (ب) 203ھ (ج) 204ھ (د) 205ھ

7۔ تقدیر کی اقسام ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

8۔ حیاء کے عملی شعبے ہیں:

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

9۔ خلع حق ہے:

(الف) شوہر کا (ب) بیوی کا (ج) دونوں کا (د) اولاد کا

10۔ اسلام نے دنیا و آخرت کی کامیابی کو نام دیا ہے:

(الف) فلاح (ب) نجات (ج) دونوں (د) نور

ورق الٹئے

11۔ اسلام کی چھٹی تعریف کی رو سے اسلام دین ہے:

(الف) عدل کا (ب) علم کا (ج) توحید کا (د) تینوں کا

12۔ معاش کے احکام کی اقسام ہیں:

(الف) 8 (ب) 9 (ج) 10 (د) 11

13۔ طلاق کا قانون ہے:

(الف) فطری (ب) معقول (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

14۔ اسلام میں نظام معاشرت کی اساس ہے:

(الف) عبادت (ب) عقیدہ (ج) معاملات (د) تینوں

15۔ فتویٰ کی بنیاد ہے:

(الف) اجماع (ب) سنت رسول (ج) کتاب اللہ (د) تینوں

16۔ "نور الیقین فی فضل خدمت الدین" کے مصنف کا نام ہے:

(الف) ڈاکٹر طاہر القادری (ب) ڈاکٹر حسن (ج) ڈاکٹر حسین (د) مفتی عرفان خان

17۔ حدیث شریف میں برائی کو روکنے کے طریقے بیان کئے گئے ہیں:

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

18۔ آقا ﷺ نے اپنے خلفاء کے لیے اتنی مرتبہ دعا فرمائی:

(الف) دو بار (ب) تین بار (ج) چار بار (د) پانچ بار

19۔ آپ ﷺ نے اپنا دیدار نہ کرنے والوں کو خوشخبری دی:

(الف) سات بار (ب) آٹھ بار (ج) نو بار (د) دس بار

20۔ آپ نے فرمایا کہ دین کا آغاز ہوا:

(الف) شہرت سے (ب) امیری سے (ج) اجنبیت سے (د) علم سے

15-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	تقابل ادیان + الدعوۃ الارشاد	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشھادۃ العالیۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ....

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ کوئی سی دو کتب سیرت کے نام مع مصنفین لکھیں۔
2۔ کنفیوشش کی کوئی سی چار کتابوں کے نام لکھیں۔
3۔ ہندو دھرم کے چار رگ سے کیا مراد ہے؟
4۔ احکام عشرہ سے کیا مراد ہے؟ چار احکامات تحریر کریں۔
5۔ ہندو مت کا لٹریچر کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟ بیان کریں۔
6۔ شنٹو ازم کی دو خصوصیات لکھیں۔
7۔ بدھ مت کا عقیدہ نروان کیا ہے؟ مختصر بیان کریں۔
8۔ تورات کی پانچ کتابوں کے نام لکھیں۔
9۔ طالمود کی تدوین کب اور کیسے ہوئی؟
10۔ عرب مستعربہ سے کیا مراد ہے؟
11۔ صحاح ستہ کے مولفین کے اسماء لکھیں۔
12۔ عبادت کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ لکھیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ اسلام کی تیسری تعریف تحریر کریں۔
2۔ رسالت محمدی ﷺ کی شہادت سے کیا مراد ہے؟
3۔ اسلام احکام کی اقسام کے صرف نام لکھیں۔
4۔ صدق کے بارے ایک آیت لکھیں۔
5۔ فتویٰ اور قضاء میں کیا فرق ہے؟
6۔ خلیفہ کی شرائط تحریر کریں۔
7۔ برائی سے نہ روکنے کی حدیث شریف میں کیا وعید سنائی گئی ہے؟
8۔ حدیث شریف میں افضل الناس کس کو قرار دیا گیا ہے؟
9۔ آپ ﷺ نے کن کو سات بار مبارک باد دی ہے؟
10۔ "وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ" ترجمہ لکھیں۔
11۔ حدیث شریف میں غزوہ کی کونسی دو اقسام مذکور ہیں؟ تحریر کریں۔
12۔ اللہ کے راستے میں پہرہ دینے کا کیا اجر ہے حدیث شریف لکھیں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. وحی نبوت اور وحی ولایت کا شرعی مقام تفصیلاً تحریر کریں۔
ii. ہندوازم اور ذات پات پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیں۔
iii. حضرت موسیٰؑ سے قبل عبرانی نسل کا مذہب کیا تھا؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. اصول دعوت میں مذکور اسلام کی تمام تعریفات تحریر کریں۔
ii. اسلام کے خصائص کے صرف نام لکھیں۔ نیز اسلام کے من جانب اللہ ہونے کے نتائج تحریر کریں۔
iii. احادیث کی روشنی میں امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی فضیلت تحریر کریں۔ نیز جہاد فی سبیل اللہ کی فضیلت قرآن مجید کی روشنی میں تحریر فرمائیں۔